**فوری ریلیز کے لیے:** 22/8/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کی جانب سے سکولوں کے لیے COVID-19 رہنمائی کی تجدید***

***ریاستی محکمۂ صحت کی جانب سے K-12 سکولوں کے لیے نئی رہنمائی کا اجراء***

***COVID-19 کے خطرے کی زد میں طلباء و طالبات کے لیے اب قرنطینہ درکار نہیں***

***تازہ ترین رہنمائی اور اکثر پوچھے گئے سوالات یہاں دستیاب ہیں***

آج گورنر Kathy Hochul نے COVID-19 کی تازہ ترین رہنمائی کا اعلان کیا جو CDC کی نئی سفارشات کے ساتھ ہم آہنگ ہے کیونکہ ریاست بھر کے بچے، اساتذہ اور تدریسی عملہ آئندہ ہفتوں میں سکول واپس جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ COVID-19 کی معلومات، ویکسینیشن، ٹیسٹنگ اور علاج تک بڑھتی ہوئی رسائی کے ساتھ، ریاست نیویارک اپنے ردِعمل کی تجدید کر رہی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام طلباء و طالبات، اساتذہ اور تدریسی عملہ اگلے ماہ کمرۂ جماعت میں محفوظ واپسی کر سکیں۔ تازہ ترین رہنمائی اور اکثر پوچھے گئے سوالات یہاں پڑھیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "عالمی وباء کے ابتدائی، غیر یقینی دنوں کے بعد سے، نیویارک کے سکولوں، اساتذہ اور والدین نے تعلیم کو جاری رکھنے اور کلاس روم میں محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کے لیے پیش قدمی کی ہے۔ آج، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ریاستی اور وفاقی رہنمائی ہم آہنگ ہو تاکہ طلباء و طالبات اور اساتذہ کلاس روم میں اعتماد کے ساتھ داخل ہو سکیں اور ایک محفوظ، صحت مند تعلیمی سال گزار سکیں۔ ہم یہ معلومات والدین تک، سکولوں میں پہنچا رہے ہیں، اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارے بچے وہیں ہیں جہاں انہیں اس موسم خزاں میں ہونے کی ضرورت ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کمرۂ جماعت میں سیکھنے کا کوئی نعم البدل نہیں ہے، اور ہم اس بات کو یقینی بنانے جا رہے ہیں کہ یہ سال بہت مختلف ہو۔"

نیویارک نے COVID-19 کے خلاف جنگ میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ ان جاری کوششوں کے ذریعے ہی سکول محفوظ تدریسی ماحول فراہم کر سکتے ہیں، COVID-19 ٹیسٹنگ تک رسائی میں اضافہ کر سکتے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ عملے، طلباء و طالبات اور ان کے اہل خانہ کو ان وسائل تک رسائی حاصل ہو جو انہیں سکول میں محفوظ طریقے سے رہنے کے لیے درکار ہیں۔

**ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کی کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا،** "ہمارے اساتذہ کے دلیرانہ کام کی بدولت، نیویارک بھر کے بچے کمرۂ جماعت میں محفوظ واپسی کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ نئی رہنمائی سکولوں اور اضلاع کو نئے تعلیمی سال کی طرف بڑھتے ہوئے ذاتی طور پر ہدایات فراہم کرنے کے لیے مزید لچک فراہم کرے گی۔ میں گورنر کی قیادت کی شکر گزار ہوں کیونکہ ہم اپنے کمرہ ہائے جماعت کو محفوظ رکھنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں"۔

**تعلیمی سال 2022-2023 کے لیے کووڈ کو کم کرنے کی حکمتِ عملیاں**

**قرنطینہ**

- CDC اب قرنطینہ کی سفارش نہیں کرتا ہے سوائے زیادہ خطرے والے اجتماعی ماحولوں کے۔
  - CDC تجویز کرتا ہے کہ وہ تمام افراد جن کے COVID-19 کی زد میں آنے کا معلوم ہو یا اس کا شبہ ہو وہ ویکسینیشن کی کیفیت یا اس سے پہلے COVID-19 سے متاثر ہونے سے قطع نظر خطرے کی زد میں آنے کے متعلق CDC کی موجودہ سفارشات پر عمل کریں جن میں پورے 10 دن کی مدت کے لیے اچھی فٹنگ والا ماسک یا سانس لینے والا آلہ پہننا اور قریبی رابطے کے کم از کم 5 دن بعد یا علامات ظاہر ہونے کی صورت میں جلد ٹیسٹ کروانا شامل ہیں۔

**بیماری یا علامات ہونے پر گھر میں ہی رہنا**

- CDC یہ سفارش کرنا جاری رکھے ہوئے ہے کہ لوگ بیمار ہونے پر گھر میں ہی رہیں۔ کوئی بھی طالب علم یا عملے کا رکن جس میں سانس یا معدے کے انفیکشن کی علامات، جیسے کھانسی، بخار، گلے میں خراش، الٹی، یا اسہال، ہوں اسے گھر پر ہی رہنا چاہیے۔
- COVID-19 کی علامات والے لوگوں کے لیے علامات شروع ہونے کے بعد جلد از جلد ٹیسٹ کروانے کی سفارش کی جاتی ہے۔ جن لوگوں کے COVID-19 کے ساتھ بہت زیادہ بیمار ہونے کا خطرہ ہے جن کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے وہ ممکنہ علاج کے لیے فوری طور پر نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ سے مشورہ کریں، خواہ ان کی علامات معمولی ہی کیوں نہ ہوں۔
  - اگر کسی فرد کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے اور اس کا باقاعدہ نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ نہیں ہے، تو آپ کی علاج کے لیے یا تو 1-888-TREAT-NY پر کال کرکے یا New York State COVID-19 ExpressCare Therapeutics Access Website پر جا کے تشخیص کی جا سکتی ہے۔

- جن لوگوں میں علامات ہیں اور COVID-19 ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہے ہیں یا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے انہیں CDC کی تنہائی کی رہنمائی پر عمل کرنا چاہئے۔

**تنہائی**

- جن لوگوں کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے یا COVID-19 ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہے ہیں انہیں گھر میں رہنا چاہیے اور CDC کی تنہائی کی رہنمائی پر عمل کرنا چاہیے۔ تنہائی اس بنیاد پر ختم کی جا سکتی ہے کہ کسی کی COVID-19 کی علامات کتنی سنگین تھیں۔
  -اگر کسی میں کوئی علامات نہیں ہیں، تو تنہائی پانچ دن کے بعد ختم کی جا سکتی ہے۔
  -اگر کسی میں علامات ہوں تو پانچ دن کے بعد تنہائی ختم کی جا سکتی ہے اگر اسے 24 گھنٹے تک بخار نہیں ہوا (بخار کم کرنے والی ادویات کے استعمال کے بغیر) اور علامات میں بہتری آ رہی ہے۔
  -لوگوں کو تنہائی ختم کرنے کے بعد 10 دن تک ماسک پہننا چاہیے جب وہ بہتر محسوس کر رہے ہوں (بخار کم کرنے والی ادویات کے استعمال کے بغیر بخار نہیں ہوتا اور علامات میں بہتری آتی ہے)۔
  -تنہائی ختم کرنے کے لیے اینٹیجن ٹیسٹنگ کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، کچھ سکول "ٹیسٹ پر مبنی حکمتِ عملی" کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں تاکہ تنہائی کے بعد ماسک کے استعمال کے لیے ممکنہ طور پر وقت کو کم کیا جا سکے۔

یہ COVID-19 کے انتظام اور تخفیف میں نیویارک کے سخت، کثیر الجہت طریقۂ کار پر استوار ہے۔ گزشتہ ہفتے، گورنر Hochul نے Covid-19 #Vaxtoschool ویکسین کوشش کے دوبارہ آغاز کا اعلان کیا، جس میں آنے والے ہفتوں میں ریاست بھر میں تین درجن سے زیادہ ویکسینیشن کے عارضی مقامات کا قیام شامل ہے، جن میں مستقبل قریب میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔

مارچ میں ، گورنر نے سکولوں میں ماسک پہننے کا ریاستی تقاضہ ختم کر دیا تھا۔ یہ فیصلہ COVID-19 کے کلیدی ڈیٹا کے رجحانات پر مبنی تھا جو نیویارک کی ویکسینیشن اور کم ہوتے کیسز میں نمایاں پیش رفت کو ظاہر کرتا ہے۔

نیویارک میں موسم خزاں شروع ہونے کے ساتھ، ریاست اور محکمۂ صحت والدین اور سرپرستوں کو مسلسل مضبوط جانچ اور ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ اہم وسائل فراہم کرنا جاری رکھیں گے۔

COVID-19 ویکسینیشن کے بارے میں تازہ ترین خبریں رکھنا شدید بیماری سے بچنے کے لیے صحتِ عامہ کی ایک اہم حکمت عملی ہے۔ 6 ماہ یا اس سے زیادہ عمر کا ہر فرد اب COVID-19 ویکسینیشن کے لیے اہل ہے۔

سکول جانے والے تمام بچے جن کی عمر 5 سال یا اس سے زیادہ ہے وہ بوسٹر خوراک کے اہل ہیں۔ اس میں وہ افراد شامل ہیں جنہیں مکمل طور پر ویکسین لگائی گئی ہے اور جنہیں اس کیلنڈر سال میں اضافی ویکسین نہیں لگی ہے۔ سکولوں کو ترغیب دی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے علاقے میں COVID-19 ویکسینیشن کو فروغ دیتے رہیں۔

والدین اور سرپرست ہمارے اکثر پوچھے گئے سوالات کے صفحہ پر جا کر COVID-19 ویکسین کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ایک بہترین عمل کے طور پر ویکسینیشن کے علاوہ، ٹیسٹنگ ان اہل افراد سے رابطے کا موقع فراہم کرتی ہے جن کا علاج کے ساتھ بھی ٹیسٹ مثبت آتا ہے۔ یہ سکولوں کو COVID-19 کے علاقے میں پھیلاؤ کو کم کرنے کے قابل بناتا ہے۔ سکولوں کی آبادیوں کی جانچ میں معاونت کے لیے سکولوں کو وسائل دستیاب کروانے کا سلسلہ جاری ہے۔

اس رہنمائی پر عمل کرنے سے سکولوں کو مقامی محکمہ ہائے صحت کے ساتھ تعاون کرنے میں مدد ملے گی تاکہ وہ سکول حاضر ہو کر تعلیم حاصل کرنے مدد کریں جبکہ علاقے میں COVID-19 کی سطح میں تبدیلی کے ساتھ مقامی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے زیادہ لچک فراہم کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418